## ایم کیوایم قصبہ علیگڑھ سیکٹر کے کارکنان محمد اظہر الحسن اور محمد آصف کی المناک شہادت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔13، اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم قصبہ علیگڑھ سیکٹر کے کارکنان محمد اظہر الحسن اور محمد آصف کی المناک شہادت پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے محمد اظہر الحسن شہید اور محمد آصف شہید کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ دکھ اور افسوس کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ محمد اظہر الحسن شہید اور محمد آصف شہید کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا فرمائے۔( آمین )

## لیاری گینگ وار کے دہشت گردوں کے ہاتھوں اغواء کے بعد قتل کیے جانے والے ایم کیوایم کے کارکنان محمد اظہر الحسن اور محمد آصف کو یٰسین آباد قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا

## نماز جنازہ اور تدفین میں رابطہ کمیٹی، حق پرست نمائندوں اور دیگر ذمہ داران و کارکنان کی شرکت

کراچی۔۔۔13، اکتوبر 2010ء

جرائم پیشہ منشیات فروش لیاری گینگ وار کے دہشت گردوں کی جانب سے گذشتہ روز اغواء کرنے کے بعد بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنا کر بے دردی سے قتل کیے جانے والے متحدہ قومی موومنٹ قصبہ علیگڑھ سیکٹر یونٹ 132 کے کارکنان محمد اظہر الحسن عرف فصیح شہید اور محمد آصف شہید کو سینکڑوں سوگواران کی آہوں اور سسکیوں کے درمیان یٰسین آباد کے شہداء قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔شہداء کی نماز جنازہ بعد نماز عشاء مدینہ مسجد قصبہ کالونی یوسی 8 میں ادا کی گئی،نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سید مصطفیٰ کمال، نیک محمد اور توصیف خانزادہ، حق پرست وزراء، مشیران، اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، سابقہ بلدیاتی نمائندے، ایم کیوایم کی تنظیمی کمیٹی کے انچارج و اراکین، مختلف شعبہ جات سمیت قصبہ علیگڑھ سیکٹر و ذیلی یونٹ کمیٹیوں کے ذمہ داران، کارکنان اور ہمدردوں کے علاوہ شہداء کے عزیز و اقارب نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کی اور شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے ان کی مغفرت، درجات کی بلندی کیلئے فاتحہ خوانی کی۔اس سے قبل شہداء کے جنازوں کو ان کی رہائشگاہوں سے اٹھایا گیا تو پورا علاقہ کلمہ طیبہ کے ورد سے گونج اٹھا اس موقع پر انتہائی رقت آمیز مناظر دیکھنے میں آئے، ہر آنکھ اشکبار تھی اور شہداء کے والدین، بھائی بہنیں اور دیگر عزیز و اقارب سمیت ایم کیوایم کے کارکنان شدید غم سے نڈھال تھے جنہیں ایم کیوایم کے ذمہ داران نے دلاسہ دیا۔محمد اظہر الحسن شہید اور محمد آصف شہید کے جنازوں کو خدمت خلق فاؤنڈیشن کی میت بسوں میں رکھ کر بڑے جلوس کی صورت میں قصبہ علیگڑھ سے شہداء قبرستان یٰسین آباد تک لایا گیا جبکہ قصبہ علیگڑھ کے علاقے کے دکانداروں، تاجروں، ٹرانسپورٹر نے لیاری گینگ وار کے دہشت گردوں کے ہاتھوں ایم کیوایم کے کارکنان محمد اظہر الحسن اور محمد آصف کے اغواء کے بعد بہیمانہ قتل پر اپنی دکانیں، مارکیٹیں، بازار، ہوٹل اور پیٹرول پمپ وغیرہ سمیت ٹرانسپورٹ بطور احتجاج ازخود بند کر دی جس کے باعث علاقہ سوگوار ہو گیا جلوس جنازہ میں درجنوں کاروں، سوزکیوں اور سینکڑوں موٹر سائیکلیں شامل تھی جن کے شرکاء کلمہ طیبہ کے ورد کے ساتھ وقفے وقفے سے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے لیاری گینگ وار کے دہشت گرد قاتلوں کی گرفتاری،......انقلاب آئے گا خون رنگ لائے گا، اور جیئے الطاف، جیئے متحدہ کے نعرے بھی لگا رہے تھے۔شہداء کا جلوس جنازہ مختلف شاہراہوں سے ہوتا ہوا یٰسین آباد قبرستان پہنچا جہاں پورے اہتمام کے ساتھ شہداء کی تدفین عمل میں آئی۔

## لیاری گینگ وار کے دہشت گردوں کے ہاتھوں ایم کیوایم کے کارکنان کا قتل شہر کا امن خراب کرنے کی سازش کا حصہ ہے، رابطہ کمیٹی

## ایم کیوایم قصبہ علیگڑھ سیکٹر کے کارکنان محمد اظہر الحسن اور محمد آصف اغواء اور قتل کا نوٹس لیا جائے، قتل کے واقعے کی مذمت

کراچی۔۔۔13، اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے جرائم پیشہ منشیات فروش لیاری گینگ وار کے دہشت گردوں کی جانب سے ایم کیوایم قصبہ علیگڑھ سیکٹر یونٹ 132 کے کارکنان محمد اظہر الحسن عرف فصیح ولد ذکی الظفر اور محمد آصف ولد عبدالمجید کو اغواء کرنے کے بعد بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنا کر بے دردی سے قتل کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور کارکنان کے دوہرے قتل کی واردات کو شہر کا امن خراب کرنے کی گھاؤنی سازش قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیوایم قصبہ علیگڑھ سیکٹر کے کارکنان محمد اظہر الحسن اور محمد آصف ضروری کام کے سلسلے میں گزشتہ روز کھارادر گئے تھے کہ وہاں سے انہیں لیاری گینگ وار کے دہشت گردوں نے انہیں ایک ساتھ اغواء کر لیا اور نامعلوم مقام پر لیجا کر نہ صرف پوری

رات بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنایا اور بے دردی سے قتل کرنے کے بعد لاشیں یوسف گوٹھ سعید آباد اور ماڑی پور کے علاقوں میں پھینک دی۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیوایم کے معصوم و بے گناہ کارکنان کو اغواء کے بعد قتل کی وارداتوں سے یہ بات کھل کر سامنے آئی ہے کہ بعض عناصر ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت شہر کا امن ایک بار پھر خراب کرنے کی کوشش کررہے ہیں تاکہ شہریوں میں خوف وہراس کی فضا پیدا کی جاسکے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ لیاری گینگ وار کے دہشت گردوں کے ہاتھوں ایم کیوایم کا بہیمانہ قتل بھی اسی سلسلے کی کڑی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ رابطہ کمیٹی نے رواں سال کے دوران ایم کیوایم کے دوسو سے زائد کارکنان کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنایا جاچکا ہے جبکہ کارکنان کی شہادتوں میں ملوث کسی ایک بھی مجرم کو تاحال گرفتار نہیں کیا جاسکا۔ رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام کارکنان کو صبر کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ کارکنان پرامن رہ کر امن دشمن قوتوں کی سازش کو ناکام بنادیں اور کسی صورت امن کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں۔ رابطہ کمیٹی نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ ایم کیوایم قصبہ علیگڑھ سیکٹر کے کارکنان محمد اظہر الحسن اور محمد آصف کے لیاری گینگ وار کے دہشت گردوں کے ہاتھوں اغواء اور قتل کا نوٹس لیا جائے اور واقعہ میں ملوث دہشگردوں کو گرفتار کر کے کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔ رابطہ کمیٹی نے محمد اظہر الحسن اور محمد آصف شہید کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ دونوں شہیدوں کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

## ایم کیوایم کی تاریخ میں 9 الیکشن ہوچکے ہیں اور پی ایس 94 سے ایم کیوایم کے علاوہ کوئی جیتا نہیں، مصطفیٰ کمال

## خورشید بیگم میڈیکل اینڈ ایمبولینس سینٹر کا سنگ بنیاد جس علاقے میں رکھا جارہا ہے وہ پی ایس 94 کی حدود میں آتا ہے، سیف الدین خالد

## جناب الطاف حسین نے ایشیاء کی سب سے بڑی آبادی میں خورشید بیگم میڈیکل اینڈ ایمبولینس سینٹر کا تحفہ دیدیا ہے، عبدالقادر خانزادہ، سید منظر امام

کراچی۔۔۔13، اکتوبر 2010ء

قائد تحریک جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیراہتمام اورنگی ٹاؤن میں خورشید بیگم میڈیکل سینٹر اور ایمبولینس سینٹر کا سنگ بنیاد رکھ دیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں بدھ کے روز ایک تقریب اورنگی ٹاؤن کے علاقے بلاک L میں منعقد ہوئی جس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان مصطفیٰ کمال، توصیف خانزادہ، نیک محمد حق پرست رکن قومی اسمبلی عبدالقادر خانزادہ، حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید منظر امام، اورنگی ٹاؤن پی ایس 94 کی نشست پر نامزد حق پرست امیدوار سیف الدین خالد، کراچی تنظیمی کمیٹی کے انچارج حماد صدیقی، اراکین محمد شکیل، تابش اور ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر کے سیکٹر انچارج عبدالحق سمیت بلوچ، پختون، پنجابی ہزارے وال، کشمیری قومیتوں سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ خورشید بیگم میڈیکل اینڈ ایمبولینس سینٹر کے سنگ بنیاد کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اور نگراں خدمت خلق فاؤنڈیشن مصطفی کمال نے کہا کہ ہم پی ایس 94 کا ضمنی الیکشن لڑرہے ہیں اا وراس لیکشن کی وجہ یہ ہے کہ چند ماہ پہلے ہمارے اچھے، سینئر ساتھی اور اس علاقے کے ایم پی اے رضا حیدر کو دہشت گردوں نے شہید کردیا تھا اس نشست پر 17 اکتوبر کو الیکشن ہونے والا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اصولی طور پر اس الیکشن میں کسی کو اپنا امیدوار کھڑا نہیں کرنا چاہئے، ایم کیوایم کی تاریخ میں 9 الیکشن ہوچکے ہیں اور پی ایس 94 سے ایم کیوایم کے علاوہ کوئی جیتا نہیں اور اس نشست پر فتح بہت زیادہ مقابلے کے بعد نہیں ہوئی بلکہ اس حلقہ میں ایم کیوایم کے امیدوار کا کبھی بھی کسی سے مقابلہ ہوہی نہیں پایا اور 2008ء کا الیکشن جو گزرا ہے جس میں پی ایس 94 کے شہید ایم پی اے رضا حیدر بھائی نے حصہ لیا انہوں نے 89 سے زائد ووٹ لئے اور ان کے مقابلے میں تمام سیاسی جماعتیں اور آزاد امیدوار جو ان کے مقابلے میں الیکشن لڑرہی تھی ان سب کے ووٹ ملائیں تو وہ سب 7 ہزار 7 سو 35 بنتے ہیں تو مقابلہ تو کوئی ہوہی نہیں سکتا۔ انہوں نے کہا کہ شرافت اور انسانیت بھی کوئی چیز ہوتی ہے کہ اگر کسی انسان جو کو 80 ہزار سے زائد ووٹ لیکر منتخب ہوا اس کو شہید کردیا گیا اس کی شہادت کے نتیجے میں ضمنی الیکشن ہوئے اصولاً یہ ہونا چاہئے تھا کہ تمام پارٹیز جنہوں نے ضمنی الیکشن میں حصہ لیا وہ ہم سے تعزیت کرتی اور دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ایک انسانیت کی بنیاد پر بھائی چارگی کا پیغام دیتی اور کہتے کہ ہمارا اس سیٹ پر کوئی مقابلہ نہیں ہے اور ہم جیت بھی نہیں سکتے لیکن ہم ایم کیوایم کے دکھی کارکنان اور ہمدردوں کو یہ تسلی دینا چاہتے ہیں کہ شہید رضا حیدر کے احترام میں اپنا امیدوار کھڑا نہیں کریں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ دنیا کے وہ شہر جو ہم سے 200 سال آگے ہیں جو ترقی یافتہ ہیں آج انہوں نے بھی اپنی ترقی کا سفر ختم نہیں کیا ان ممالک میں جائیں تو ان کی سڑکیں، ٹرینیں، بلڈنگیں بدحالی کا شکار ہوں اور وہ انہیں بناتے نظر نہ آئیں جب دنیا کے ترقی یافتہ ممالک جو صدیوں کی ترقی میں ہم سے زیادہ ہے اور ان کا ہم سے کوئی مقابلہ نہیں جب انہوں نے ترقی کا سفر ختم نہیں کیا اور آنے وقتوں کے مطابق ڈھالتے جارہے اور بحیثیت انسان ہم یہ کیسے سوچ سکتے ہیں کہ ہم نے ترقی کرلی، کراچی اور اس کے علاقے اورنگی، لیاری، جزیزے بابا آئی لینڈ بابا شمس پیر، کراچی کے 8 سو سے زائد گوٹھ ہو، مبارکباد ولیج کا علاقہ ہو غرض یہ کہ کراچی کی حدود کے اندر رہتے ہوئے جتنی ترقی حق پرست قیادت نے 4 برس میں کی ہیں میں دعوے سے کہتا ہوں کہ تمام

جماعتوں کے 58 برس کے کام ایک طرف رکھیں اور ایم کیوایم کے کارکنان کے 4 سال کے کام دیکھے جائیں تو ہمارے 4 سال کے کام لوگوں کے 58 سال سے زیادہ ہیں لیکن اس کے باوجود قائد تحریک جناب الطاف حسین کے منتخب نمائندوں اور ناظمین یہ سمجھتے ہیں کہ ابھی ہمیں کام کام اور صرف کام ہی کرنا ہے۔ پی ایس 94 اورنگی ٹاؤن کی نشست پر نامزد حق پرست امیدوار سیف الدین خالد نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر میڈیکل اور ایمبولینس سینٹر کا سنگ بنیاد رکھا جار ہا ہے جس میں غریب عوام کو طبی سہولیات فراہم کی جائیں گی اور یہ ہماری خوش قسمتی ہے کہ خورشید بیگم میڈیکل اینڈ ایمبولینس سینٹر کا سنگ بنیاد جس علاقے میں رکھا جارہا ہے وہ پی ایس 94 کی حدود میں آتا ہے ۔پی ایس 94 متحدہ قومی موومنٹ کی صحیح نمائندگی کرتی ہے جس میں تمام قومیتوں کے افراد رہتے ہیں اور ان کا اعتماد صرف اور صرف قائد تحریک جناب الطاف حسین پر ہے۔ حق پرست رکن قومی اسمبلی عبدالقادر خانزادہ نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی سیاست کا دوسرا نام عوامی خدمت ہے، ہم جناب الطاف حسین کے احسان مند ہیں کہ انہوں نے ایشیاء کی سب سے بڑی آبادی میں خورشید بیگم میڈیکل اینڈ ایمبولینس سینٹر کا تحفہ دیا ہے۔ حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید منظر امام نے کہا کہ پاکستان کو بچانے کی جو عملی کوششیں کی جارہی ہیں وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے ہی کی جارہی ہے جبکہ دیگر نام نہاد سیاسی و مذہبی جماعتیں اپنے مفادات کے حصول میں سرگرم ہیں۔ اورنگی ٹاؤن سیکٹر انچارج عبدالحق نے کہا کہ آج کی تقریب کا انعقاد اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ قائد تحریک الطاف حسین جو کہتے ہیں وہ کرتے ہیں، اورنگی ٹاؤن میں جناب الطاف حسین کی ہدایت پر نہ رکنے والا ترقیاتی کام جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ خورشید بیگم میڈیکل اینڈ ایمبولینس سینٹر اورنگی ٹاؤن کے عوام کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے تحفہ ہے۔ بعدازاں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان مصطفیٰ کمال، نیک محمد، توصیف خانزادہ، پی ایس 94 کی نشست پر نامزد حق پرست امیدوار سیف الدین اور حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی نے خورشید بیگم میڈیکل اینڈ ایمبولینس سینٹر کے سنگ بنیاد کی تختی کی نقاب کشائی کی اور اورنگی ٹاؤن کے عوام کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مبارکباد پیش کی۔

## ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام اورنگی ٹاؤن میں امدادی پروگرام میں سینکڑوں غریب مسکین اور مستحق خاندانوں میں لاکھوں روپے مالیت کا امدادی سامان اور غذائی اجناس تقسیم کی گیں

## ایم کیوایم کا نصب العین دکھی انسانیت کی خدمت ہے، سیف الدین خالد، منظر امام

کراچی۔۔۔13، اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام اورنگی ٹاؤن سیکٹر کے تحت امدادی پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ امدادی پروگرام میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان وسیم آفتاب اور توصیف خانزادہ، ایم کیوایم کراچی تنظیمی کمیٹی کے انچارج حماد صدیقی بھی نے شرکت کی۔ اس موقع پر حق پرست رکن اسمبلی منظر امام، اورنگی ٹاؤن پی ایس 94 کی نشست پر نامزد حق پرست امیدوار سیف الدین خالد اور ایم کیوایم اورنگی سیکٹر کے ارکان بھی موجود تھے۔ امدادی پروگرام میں سینکڑوں غریب، مسکین اور مستحق خاندانوں میں لاکھوں روپے مالیت کا امدادی سامان تقسیم کیا گیا جس میں سلائی مشین، سائیکل، اور غذائی اجناس آٹا، دالیں، چاول ،گھی، تیل، بسکیٹ، خشک دودھ کے علاوہ روزمرہ اشیا خورد نوش بڑی مقدار میں شامل تھیں۔ امدادی پروگرام میں اورنگی کے رہائشی پشتو، اردو بولنے والے اور مختلف برادریوں سے تعلق رکھنے والے بزرگوں، نوجوانوں اور خواتین نے استفادہ کیا۔ امدادی پروگرام کے شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے حق پرست رکن سندھ اسمبلی منظر امام نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے، ایم کیوایم غریب اور متوسط طبقے کی نمائندہ جماعت ہے جو ملک سے فرسودہ نظام کے خاتمہ اور غریب عوام کے حقوق کے حصول کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے اور ایم کیوایم کا نصب العین دکھی انسانیت کی خدمت ہے۔ اورنگی ٹاؤن پی ایس 94 کی نشست پر نامزد حق پرست امیدوار سیف الدین خالد نے عوام سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم ہر مشکل وقت میں عوام کے درمیان رہتی ہے اور ایم کیوایم کی جانب سے بلاتفریق عوامی خدمت کا عمل سیاسی مفادات کے حصول کیلئے ہرگز نہیں ہوتا ہے بلکہ ایم کیوایم اقتدار میں ہو یا اقتدار سے باہر اس کے نزدیک عوامی مسائل اور مشکلات کا حل ہی بنیادی ترجیح ہے۔ بعدازاں امدادی پروگرام کے شرکاء نے رابطہ کمیٹی کے ارکان اور حق پرست رکن سندھ اسمبلی منظر امام اور اورنگی ٹاؤن پی ایس 94 کی نشست پر نامزد حق پرست امیدوار سیف الدین خالد سے دلی تشکر کا اظہار کیا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعائیں بھی کیں۔

## نامزد حق پرست امیدوار سیف الدین خالد PS-94 اورنگی ٹاؤن کی انتخابی مہم کے سلسلے میں اورنگی کے مختلف علاقوں میں دفاتر قائم کر دیے گئے

کراچی۔۔۔13، اکتوبر 2010ء

پی ایس 94 اورنگی ٹاؤن کی نشست پر نامزد حق پرست امیدوار سیف الدین خالد کی انتخابی مہم زور وشور سے جاری ہے۔ انتخابی مہم کے سلسلے میں اورنگی ٹاؤن کے مختلف علاقوں میں سینکڑوں الیکشن دفاتر قائم کئے گئے ہیں جہاں پر ایم کیو ایم کے تنظیمی ترانے اور نغمے بجائے جارہے ہیں ہیں۔ الیکشن دفاتر پر کارکنان، ہمدرد عوام بالخصوص نوجوان ایم کیو ایم کے تنظیمی ترانوں پر والہانہ رقص کرتے دکھائی دیئے اس موقع پر ان کا جوش وخروش قابل دید تھا وہ وقفے وقفے سے نعرہ الطاف جئے الطاف، نعرہ متحدہ جئے متحدہ، ایوانوں کے چاروں طرف حق پرست حق پرست، دیوانے کس کے قائد اور دیگر نعرے فلک شگاف انداز میں لگا رہے تھے۔ اورنگی ٹاؤن کی مختلف شاہراہوں اور سڑکوں کو ایم کیو ایم کے پرچموں، قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تصاویر سے سجایا گیا ہے انتخابی مہم کے لئے مرکزی الیکشن آفس ملت کالونی اورنگی ٹاؤن میں قائم کیا گیا ہے جبکہ اورنگی ٹاؤن کے علاقوں بلاک جے امام کالونی، ہاشمی کالونی، قبال بلوچ کالونی، سیکٹر 11-E، 11-A، محمد نگر، رحیم شاہ کالونی، اسلام نگر، فیض عام کالونی، فرید کالونی، مصطفی کالونی، مدینہ کالونی، بلاک ایل بابا ولایت علی شاہ کالونی، 2-1 توحید کالونی، راجہ غریب نواز کالونی، صدیق اکبر کالونی، مہاجر چوک (الفاروق سوسائٹی) حنیف آباد، صدیقی کالونی، معراج النبی کالونی، ربی کالونی، ہریانہ کالونی، بسمہ اللہ کالونی، قائم خانی کالونی، فقیر کالونی، ہزاروی محلّہ، شاہ محلّہ، محمد بلوچ محلّہ، نورانی محلّہ، حنیف آباد، الفتح کالونی، الصدف کالونی، حسین آباد اور غازی نگر سمیت دیگر علاقوں میں الیکشن دفاتر اور رابطہ کمیٹی آفسوں میں عوامی سطح پر انتخابی مہم کی نہ صرف پذیرائی کی جارہی ہے بلکہ اس میں حصہ بھی لیا جارہا ہے۔ انتخابی مہم کے سلسلے میں ایسے الیکشن دفاتر جو مین روڈ پر قائم ہیں برقی قمقموں سے کی گئی سجاوٹ، جناب الطاف حسین کی خوبصورت تصاویر اور ایم کیو ایم کے پرچموں کی بھرمار سمیت تنظیمی ترانوں کی ریکارڈ بجائے جانے کے باعث بسوں، رکشوں، گاڑیوں، موٹر سائیکلوں، سوزوکیوں اور راہ چلتے عوام کی خصوصی توجہ کا مرکز بنے ہوئے ہیں جہاں پر انتخابی مہم کے حوالے سے زبردست سرگرمیاں دکھائی دے رہی ہیں۔ اسی طرح انتخابی دفاتر اورنگی ٹاؤن کے گلی محلوں میں بھی بنائے گئے جہاں نوجوانوں کا قابل دید دکھائی دیا۔ پی ایس 94 کی نشست پر نامزد حق پرست امیدوار سیف الدین خالد کی جانب سے انتخابی مہم کے سلسلے میں مختلف علاقوں میں کارنر میٹنگوں اور بڑے عوامی اجتماعات سے خطاب کیا جارہا ہے جن میں مختلف قومیتوں کے افراد کی شرکت بڑی تعداد میں دکھائی دے رہے ہی اس ضمن میں سیف الدین نے اورنگی ٹاؤن کی تاجر، کاروباری، سماجی، مذہبی اور اقلیتی شخصیات سے ملاقاتیں بھی کیں اور انہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے حق پرست امیدوار کو اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلایا اور 17 اکتوبر کو زیادہ سے زیادہ تعداد میں ووٹ دیکر کامیاب کرانے کی یقین دہانی کرائی۔ میں کارکنان و ہمدرد عوام میں زبردست جوش وخروش پایا جارہا ہے۔

## متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام
## اندرون سندھ کے شہر میرپورخاص اور ٹنڈو الہیار میں ایمبولینس سروس سینٹر کا قیام

میرپورخاص۔۔۔13، اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام اندرون سندھ کے شہر میرپورخاص میں ایمبولینس سروس سینٹر کا باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا ہے۔ اس موقع پر حق پرست صوبائی وزیر خالد بن ولایت، اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن خورشید علی، پیر بخش نظامانی کے علاوہ میرپورخاص کے زونل انچارج عظیم دانش ارکانِ زونل کمیٹی اور یونٹس کمیٹیوں کے ذمہ داران وکارکنان سمیت میرپورخاص سے تعلق رکھنے والے رکن سندھ اسمبلی فہیم الطافی، سابق حق پرست بلدیاتی نمائندگان، اے پی ایم ایس او، شعبہ خواتین، لیبر ڈویژن دیگر معزز تجارتی ومختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد اور ہمدرد عوام کی کثیر تعداد موجود تھی۔ ایمبولینس سینٹر کا افتتاح حق پرست صوبائی وزیر خالد بن ولایت نے کیا۔ افتتاحی تقریب میں عوام سے گفتگو کرتے ہوئے حق پرست صوبائی وزیر خالد بن ولایت نے کہا کہ ایم کیو ایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن نے عوام کی سہولیات کو مدنظر رکھتے ہوئے انکی پریشانیوں کو دور کرنے کیلئے کراچی سمیت ملک بھر میں ایمبولینس سروس سینٹر قائم کرنا عوامی خدمت کیلئے انتہائی اہم اقدام ہے۔ انہوں نے کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر دکھی انسانیت کی خدمت پر یقین رکھتے ہوئے عوام کی بلاتفریق رنگ ونسل زباں امداد کیلئے نمایاں کردار ادا کر رہا ہے۔ بعدازاں عوام نے ایم کیو ایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے قائم ہونیوالے ایمبولینس سروس سینٹر کے ذریعے عوام کو دی جانیوالی سہولیات پر اظہار تشکر کرتے ہوئے ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا اور انکی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعائیں بھی کیں۔ دریں اثناء اندورن سندھ ٹنڈو الہیار میں بھی خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے ایمبولینس سروس سینٹر قائم کر دیا گیا ہے۔ ایمبولینس سروس سینٹر کا باقاعدہ افتتاح حق پرست صوبائی وزیر خالد بن ولایت نے کیا

۔اس موقع پر اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے راکین کے علاوہ ٹنڈ والہیار کے زونل انچارج سید محمد علی شاہ وارا کین زونل کمیٹی و یونٹس کمیٹیوں کے ذمہ داران و کارکنان سمیت معزز مہمانان گرامی حضرات نے شرکت کی۔

## متحدہ قومی موومنٹ میڈیکل ایڈ کمیٹی کے تحت کوئٹہ کی تحصیل اوستہ محمد کے علاقے غریب آباد گوٹھ، گل حسن کورائی میں سیلاب زدگان کو طبی سہولیات فراہمی کیلئے مفت طبی کیمپ قائم کردیا گیا

کوئٹہ۔۔۔13، اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ میڈیکل ایڈ کمیٹی کے تحت کوئٹہ کی تحصیل اوستہ محمد کے علاقے میں غریب آباد گوٹھ، گل حسن کورائی میں سیلاب زدگان کو طبی سہولیات فراہم کرنے کیلئے مفت طبی کیمپ قائم کردیا گیا ہے۔اس موقع پر ایم کیوایم کوئٹہ ڈسٹرکٹ کمیٹی کے نگراں انچارج وارا کین کمیٹی تحصیل مظہر لاشاری، احسان اللہ کے ذمہ داران و کارکنان بھی موجود تھے۔ تفصیلات کے مطابق طبی کیمپ میں ڈاکٹروں نے سینکڑوں مریضوں کا معائنہ کیا اور سیلاب کے باعث پیدا ہونیوالی پیٹ، گیسٹر واور جلدی امراض کی بیماریوں سے بچاؤ اور انکے بہتر علاج معالجہ کیلئے مریضوں کو مفت ادویات تقسیم کیں۔میڈیکل کیمپ میں ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل اسٹاف کی ٹیم شامل ہے اس میڈیکل کیمپ میں مرد، خواتین، بزرگ، نوجوان، بچے اور بچیوں کو مختلف امراض سے بچاؤ کی ہر ممکن مفت طبی سہولیات فراہم کی گئیں ۔ بعدازاں طبی سہولیات سے مستفید ہونے والے افراد نے ایم کیوایم کی جانب سے انسانیت کے جذبے کو سراہتے ہوئے اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا اور قائدتحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعائیں بھی کیں۔

## لینڈ ریفارمز بل 2010 کو پوائنٹ اسکورنگ اور عوامی ہمدردیاں حاصل کرنے کی چال قرار دینے والے یہی بل ایم کیوایم سے پہلے جمع کرادیتے تو ان کا زبردست خیر مقدم کرتے، حق پرست ارکان قومی اسمبلی

## لینڈ ریفارمز بل 2010 کی حمایت کرکے سیاسی جماعتوں کے رہنما ثابت کردیں کہ وہ جاگیرداروں، وڈیروں کے نہیں بلکہ عوام کے منتخب کردہ نمائندے ہیں

کراچی۔۔۔13، اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے ایم کیوایم کی جانب سے قومی اسمبلی میں جاگیردارانہ اور وڈیرانہ نظام کے خلاف جمع کرائے گئے لینڈ ریفارمز بل 2010 کو بعض سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں کی جانب سے پوائنٹ اسکورنگ اور عوامی ہمدردیاں حاصل کرنے کی چال قرار دینے پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ اگر یہی چال اور پوائنٹ اسکورنگ نام نہاد سیاسی جماعتوں کے رہنما کرلیتے تو ایم کیوایم ان کا زبردست خیر مقدم کرتی۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم شروع دن سے پہلے ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے خلاف عملی جدوجہد کررہی ہے اور اس جدوجہد کی گواہی ملک بھر کے 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کے عوام سے لی جاسکتی ہے جو قائدتحریک جناب الطاف حسین کو اپنا نجات تصور کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ نام نہاد سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں کو لینڈ ریفارمز بل ایم کیوایم کی جانب سے جمع کرانے پر اعتراض ہے تو ایم کیوایم ان کو یہ اختیار بھی دینے کو تیار ہے کہ وہ اس بل کو اپنی جانب سے جمع کرائیں اور اس کا سہرا بھی اپنے سر لے لیں کیونکہ ایم کیوایم کسی قسم کی محاذ آرائی نہیں چاہتی بلکہ ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کا خاتمہ کرکے عملی طور پر ملک بھر پر غریب ومتوسط طبقے کی حکمرانی چاہتی ہے۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے نام نہاد سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں کو مشورہ دیا کہ انہیں ملک وقوم کا مستقبل عزیز ہے اور وہ ملک بھر کے 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کے عوام کے حقوق کے دعویدار ہیں تو لینڈ ریفارمز بل کی حمایت کریں اور اس کی منظوری کیلئے اپنا مثبت کردار ادا کرکے ثابت کردیں کہ ملک کی طرح ایوانوں میں منتخب افراد جاگیرداروں، وڈیروں اور سرداروں کے نمائندہ افراد نہیں بلکہ عوام کے منتخب کردہ لوگ ہیں۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن کیف الوریٰ کی نگرانی میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام بدھ کے روز امدادی اشیاء کے دوٹرک جیکب آباد کے سیلاب متاثرین کیلئے روانہ کردیئے گئے

کراچی۔۔۔13، اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام بدھ کے روز امدادی اشیاء کے دوٹرک جیکب آباد کے سیلاب متاثرین کیلئے روانہ کردیئے گئے۔امدادی ٹرک کو خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر واقع فیڈرل بی ایریا سے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن کیف الوریٰ نے اپنی نگرانی میں روانہ کئے۔امدادی سامان میں 5 سوراشن کے پیکٹس جسمیں آٹا، دالیں، خشک دودھ، بسکیٹ، اورمنرل واٹر کے 4 سو کارٹن سمیت دیگر ضروریات زندگی کا سامان بڑی مقدار میں شامل ہے۔اس موقع پر خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں سے گفتگو کرتے ہوئے کیف الوریٰ نے کہا کہ ایم کیوایم دکھی انسانیت کے جذبے سے سرشار ہوکر بلاتفریق رنگ ونسل زبان عوم کی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور خدمت خلق فاؤنڈیشن اپنے قیام کے آغاز سے لیکر آج تک مستحقین غریب ونا داروں کی روزانہ کی بنیاد پر کفالت کررہا ہے۔انہوں نے کہا کہ خدمت خلق فاونڈیشن نے عوامی خدمات کا دائرے کار وسیع کر کے ملک بھر میں اپنی شاخیں قائم کررہا ہے۔

## اے پی ایم ایس او شعبہ طالبات کے تحت شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی کا اجتماع
## شہید انقلاب، شہدائے حق اور شہدائے مزار عبداللہ شاہ غازیؒ کے درجات کی بلندی اور
## بانی وقائد تحریک جناب الطاف حسین کی صحت وسلامتی اور درازی عمر کیلئے خصوصی دعائیں۔

کراچی۔۔۔13اکتوبر2010ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن شعبہ طالبات کے تحت بی ایڈ کالج فیڈرل بی ایریا میں شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کی روح کو ایصال ثواب پہنچانے کیلئے قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کا اہتمام کیا گیا۔جس میں اے پی ایم ایس او کی وائس چیئر پرسن اسری طفیل، بی ایڈ کالج کی پرنسپل اور اساتذہ کرام سمیت طالبات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پر شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق، شہدائے حق اور عبداللہ شاہ غازیؒ کے مزار پر ہونے والے خودکش حملے کے شہداء کے درجات بلندی اور بانی وقائد تحریک جناب الطاف حسین کی صحت وسلامتی اور درازی عمر کیلئے خصوصی دعا کرائی گئی۔

## ایم کیوایم رابطہ کمیٹی کے رکن یوسف شاہوانی نے عظیم بزرگ حضرت بابا فریدالدین گنج شکر کے مزار پر حاضری دی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مزار پر چادر چڑھائی

پاکپتن۔۔۔13اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر رکن رابطہ کمیٹی یوسف شاہوانی نے عظیم بزرگ حضرت بابا فریدالدین گنج شکر کی درگاہ پر حاضری دی اور ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے مزار پر چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی۔اس موقع پر ان کے ہمراہ ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج وسیم قریشی اور زونل ممبر ملتان زون نعیم ارشد کے علاوہ پاکپتن کے ذمہ داران وکارکنان بھی موجود تھے۔بعدازاں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور حق پرست شہداء کی مغفرت وبلند درجات اور تحریک کی کامیابی کے لئے خصوصی دعا کی گئی۔

## رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی۔۔۔13، اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لائنز ایریا سیکٹر یونٹ 54 کے شہید کارکن عتیق الرحمٰن کے والد سابق حق پرست کونسلر ماسٹر قدیر الرحمٰن کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل کی توفیق دے۔(آمین)

☆☆☆☆☆